:ہیڈلائنز

آداب ... یہ آکاش وانی سرینگرہے خبروں کا بلیٹن لیکر میں سنجیو کمار

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

*...وزیر اعظم نریندر مودی نے راجستھان میں ایک لاکھ6 ہزار کروڑ روپے لاگت والے پروجیکٹوں کوکیا قوم کے نام وقف

*...سالانہ شری امرناتھ جی یاترا خوش اسلوبی سے جاری/--ہزار سے زائد یاتریوں نے کئے آج پوتر گپھا میں شیو لنگم کے درشن

*...لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے شری امرناتھ جی یاتراکی نظامت سے جڑے مختلف امور کا لیا جائزہ/مختلف محکموں اور ایجنسیوں کے مابین بہتر تال میل پر دیا زور

اور

*...مرکزی سرکار نے سرینگر ہوائی اڈے پر Runway کو بند کرنے سے متعلق مجوزہ منصوبے کو منسوخ کرنے کا کیا فیصلہ/وزیر اعلیٰ

عمر عبداللہ نے وزیر دفاع اور شہری ہوابازی کا کیا شکریہ ادا۔

: وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج بلوترا راجستھان میں ایک لاکھ 6ہزار کروڑ روپے لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور کئی ایک کا سنگ بنیاد رکھا۔ان پروجیکٹوں کا تعلق پٹرو کیمیکلز ، شہری ٹرانسپورٹ ، ریلویز ،شاہراؤں ،قابلِ تجدید توانائی اور بجلی کی ترسیل سے ہے۔وزیر اعظم نے Pachpadra پٹرو کمیکل کمپلیکس کو بھی قوم کے cum میں بھارت کی پہلی انٹیگریٹڈ ریفائنری نام وقف کیا۔انہوں نے مختلف محکموں میں تعینات کئے گئے 54ہزار نوجوانوں میں تقرر نامے بھی تقسیم کئے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ بھارت مختلف چیلنجوں کے باوجود بھی اپنی ترقی کی رفتار کوجاری رکھے گا۔

:گجراتPM

سمی CG Semi outsourced گجرات میںSanand دریں اثناءوزیر اعظم نریندر مودی نے کنڈیکٹر اسمبلی اینڈ ٹیسٹ سہولت کا افتتاح کیا۔اس سے انڈیا سیمی کنڈکٹر مشن کے تحت 7 ہزار 5سو کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل کیا گیا ہے اور اس میں سالانہ 5بلین سیمی کنڈکٹر چپس تیار کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔

:یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا دونوں راستوں پہلگام اور بال تل سے خوش اسلوبی سے جاری ہے اور آج بھی ہزاروں کی تعداد میں شردھالوؤں نے پوتر گپھا میں حاضری دی۔تفصیلات کے مطابق آج کل ---- یاتریوں نے پوتر گپھا میں شیولنگم کے درشن کئے بیناور اس طرح درشن کرنے والے یاتریوں کی مجموعی تعداد ----سے تجاوز کرگئی ہے۔انتظامیہ نے یاتریوں کی سلامتی اور یاترا کے احسن

انعقاد کیلئے تمام انتظامات کئے ہیں اور یاترا پر آنے والے یاتری نہ صرف یہاں کی خوبصورتی بلکہ مقامی لوگوں کی مہمان نوازی سے زبردست متاثر نظر آرہے ہیں۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل یاتریوں کو مبارکباد دیتے ہوئے ان پر زور دیاتھا کہ وہ ووکل فار لوکل جذبے کو تقویت بخشتے ہوئے اپنے اخراجات کا 10فیصد حصہ مقامی اشیاءخریدنے پر صرف کریں تاکہ یہاں کے لوگوں بالخصوص نوجوانوں کیلئے روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقعے پیداہوں اور جموں کشمیر کی معیشت مزید مضبوط ہوجائے۔

یاتری قافلہ :

دریں اثناءجموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس سے آج مزید چار ہزار 812 یاتری وادی پہنچے جن میں 2ہزار 41 مرداور 2ہزار 771خواتین شردھالو شامل ہیں۔

ایل جی یاترا:

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج سرینگرمیں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران جاری سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کی کلہم نظامت اور زمینی صورتحال کا جائزہ لیا۔ایل جی نے شردھالوؤں کی نقل وحمل ،ٹریفک نظامت ، سلامتی انتظامات ،اقامتی سہولیات ، رجسٹریشن عمل نیز یاترا کے احسن انعقاد کیلئے لازمی دیگر پہلوؤں کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔اس موقعے پر بتایا گیا کہ کافی تعداد میں یاتری بِنا رجسٹریشن کے وادی پہنچ رہے ہیں جس کی وجہ سے شردھالوؤں کو یاترا کرنے کیلئے انتظار کرنا پڑرہاہے۔ایل جی نے کہا کہ یاترا،یاترا ٹریکس پر یاتریوں کی تعداد سے متعلق سپریم کورٹ کے احکامات کے عین مطابق منعقد کی جارہی ہے۔لہٰذا یاتریوں کی سلامتی اور سہولت کیلئے رجسٹریشن شیڈول پر عمل کرنا لازمی ہے۔میٹنگ میں بتایا گیا کہ صرف Valid رجسٹریشن رکھنے والے یاتریوں کو ہی پوتر گپھا کی طرف مخصوص دن کیلئے جانے کی اجازت دی جائے۔ایل جی غیر رجسٹر شدہ شردھالوؤں سے کہا کہ وہ اپنے سفر کو کچھ دِنوں کیلئے موخر کریں تاکہ یہاں پہنچنے پر انہیں کسی قسم کی دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

ایل جی نے تمام محکموں اور سلامتی ایجنسیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ تمام متعلقین بشمول لنگر تنظیموں ،خدمت کرنے والوں اور دیگر غیر سرکاری تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کریں۔میٹنگ میں چیف سیکرٹری اٹل ڈلو ،ڈی جی پی نلین پربھات ایل جی کے پرنسپل سیکرٹری اور شری امرناتھ شرائن بورڈ کے سی ای اور ڈاکٹر مندیپ کے بھنڈاری اور کئی دیگر افسران بھی موجود تھے۔

انشل یاترا:

دریں اثناءصوبائی کمشنرکشمیر انشل گرگ نے کہاہے کہ یاتریوں کی سہولت کیلئے انتظامیہ نے تمام انتظامات کئے ہیں۔سرینگر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہا کہ کافی تعداد میں شردھالوبنا رجسٹریشن کے جموں وکشمیر پہنچ رہے ہیں جس کی وجہ سے انہیں درشن کرنے میں تاخیر ہورہی ہے۔انہوں نے کہا ۔۔

یاترا ہدیات:

عدالتِ عظمیٰ کی ہدایات کے مطابق اس سال شری امرناتھ جی یاترا پر آنے والے یاتریوں کی زیادہ سے زیادہ روزانہ تعداد طے کی گئی ہے۔شردھالوؤں کی سلامتی اور یاترا کے احسن انعقاد کیلئے اس پر عمل کرنا لازمی قرار دیا گیاہے۔

جن شردھالوؤں نے ایڈوانس رجسٹریشن نہیں کرائی ہے ان سے کہا گیا ہے کہ وہ تتکال سہولت سے استفادہ کرکے اپنی رجسٹریشن کرنے کے بعد ہی جموں وکشمیر پہنچ جائیں۔

ایک سرکاری بیان میں بغیر رجسٹریشن کے جموں وکشمیر پہنچے سبھی یاتریوں کو اپنی باری کا انتظار کرنے اور انتظامیہ کی طرف سے مقرر کی گئی تاریخ پر یاترا شروع کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔

پارلیمنٹ: پارلیمنٹ کا مون سون اجلاس 20جولائی سے 13اگست تک منعقد کیا جائے گا۔یہ جانکاری پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے آج ایک سوشل میڈیا پوسٹ کے ذریعے دی۔

ایل جی ملاقات:

جنتادل یونائیٹڈ جموں وکشمیر کا ایک وفد اس کے صدر جی ایم شاہین کی قیادت میں لوک بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقی ہوا اور جموں وکشمیر میں سیاحتی سیکٹر کو فروغ دینے سے متعلق معاملات پرتبادلہ خیال کیا۔وفد نے کئی دیگر معاملات بھی ایل جی کی نوٹس میں لائے۔

دریں اثناءاومپورہ بڈگام کے ایک نجی تعلیمی ادارے کا ایک وفد سکول کے پرنسپل شہنواز شفیع کی قیادت میں ایل جی سے ملاقی ہوا۔

CM:

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سرینگر ہوائی اڈے کے RunWay کو بند کرنے سے متعلق مجوزہ منصوبے کو منسوخ کرنے کیلئے مرکزی سر کار کا شکریہ ادا کیا ہے۔وزیر اعلیٰ نے کہاہے کہ اس فیصلے سے جموں وکشمیر کو بلاخلل ایئر کنکٹیوٹی دستیاب ہوگی نیز مسافروں اورسیاحوں کو راحت ملے گی۔وزیر اعلیٰ نے کہاہے کہ انہوں نے اس تعلق سے جموں کشمیر کے لوگوں، تاجروں اور سیاحت سے جڑے افراد کے مفادات کو تحفظ دینے کیلئے یہ معاملہ ذاتی طور پر مرکزی سرکار کے ساتھ اٹھایاتھا۔وزیر اعلیٰ نے اس ضمن میں مرکزی وزیر دفاع اور شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائیڈو کا شکریہ اداکیا ہے۔وزیر اعلیٰ نے کہاہے کہ سیاحت کے اس سیزن میں ہوائی رابطے کو برقرار رکھنا جموں وکشمیر کی معیشت کیلئے اہمیت کا حامل ہے۔

CM ملاقات:

کئی ارکان اسمبلی نے آج رابطہ دفتر سرینگر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کی اور اپنے اپنے حلقوں کی ترقیاتی ضروریات اور لوگوں کے مسائل ان کی نوٹس میں لائے۔ملاقات کرنے والوں میں ایم ایل اے بنی ڈاکٹر رمیشور سنگھ اورایم ایل اے بانہال سجاد شاہین شامل تھے۔

وزیر اعلیٰ نے ارکان کے مسائل غور سے سنے اور یقین دہانی دلایا کہ ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

سکینہ :

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج ننڈی مرگ کولگام میں ایک عوامی دربار کے دوران لوگوں کی ترقیاتی ضروریات اور عوام کو درپیش مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔انہوں نے لوگوں کے مسائل غور سے سنے اور یقین دلایا کہ اجاگر کئے گئے معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔بعد میں وزیر موصوفہ نے علاقے مینساڑھے تین کروڑروپے لاگت والے ایک سڑک پروجیکٹ کابھی سنگ بنیاد رکھا اور علاقے کیلئے متعدد نئے ترقیاتی پروجیکٹوں کا بھی اعلان کیا۔

وقفہ:

یہ خبریں آپ آکاش وانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔

پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔ DTH اور News on AIRخبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن

UAPA:

مرکزی وزارتِ داخلہ نے پاکستان کے 23 افراد کو غیر قانونی سرگرمیوں کی روکتھام کے قانون کے تحت دہشت گردوں کی فہرست میں شامل کیا ہے۔یہ دہشت گرد جیش محمد ، لشکر طیبہ اور UAPA دیگر تنظیموں سے تعلق رکھتے ہیں۔ان افراد کو شُورش پسندی ،نئے لوگوں کو بھرتی کرنے ،اسلحہ کی سپلائی اور جموں وکشمیر میں حملوں کی منصوبہ بندی جیسی متعدد سرگرمیوں میں ان کے ملوث ہونے پر دہشت گرد قرار دیا گیا ہے۔یہ قدم قومی تفتیشی ایجنسی جیسی ایجنسیوں کو اس بات کی اجازت دے گا کہ وہ ان افراد کی اقتصادی اثاثے کو منجمد کرے ،اسلحہ کی خریدو فروخت پر پابندی کی ترمیم سے بھارت کی انسداد دہشت گردی کے UAPAلگائے اور ان کی جائیدادیں بھی ضبط کرے۔ قانونی فریم ورک کو مضبوطی حاصل ہوئی ہے اس کے ذریعے مرکزی تفتیشی ایجنسیوں کومزید اختیارات حاصل ہوئے ہیں۔

پارلیمنٹ:

پارلیمنٹ کا مون سون اجلاس 20جولائی سے 13اگست تک منعقد کیا جائے گا۔یہ جانکاری پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے آج ایک سوشل میڈیا پوسٹ کے ذریعے دی۔

خراج:

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے آج سوامی وویکا نند کو ان کی برسی پر خراج عقیدت پیش کیا۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں نائب صدر نے انہیں ایک عظیم وطن پرست فلسفی اور روحانی طور پر دور اندیش شخصیت قرار دیا۔وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ سوامی وویکانند کی روحانی تعلیمات وکست بھارت کے ویژن کو حاصل کرنے میں نئی توانائی کے ساتھ ملک کی رہنمائی کرتی رہیں گی۔

ایل جی:

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ملک کے ایک عظیم دانشور اور قوم پرست سوامی وویکا نندا جی کو ان کی برسی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ایک پیغام میں ایل جی نے کہا کہ سوامی جی کی تعلیمات آپسی بھائی چارے، اخوت اور انسانیت کی بے لوث خدمت کرنے جیسے اقدار کو تقویت بخشتے ہیں اور آج کل کے دور میں بھی ہم سب کیلئے مشعل راہ ہیں۔

NC:

نیشنل کانفرنس کا صوبائی سطح کا ایک خصوصی اجلاس آج سرینگر میں پارٹی ہیڈ کوارٹر پر منعقد ہوا۔پارٹی کے جنرل سیکرٹری علی محمد ساگر کی صدارت میں منعقدہ اس اجلاس میں تنظیمی امور ،پارٹی سرگرمیوں ،لوگوں کو درپیش مسائل اور ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیاگیا۔علی محمد ساگر نے کہا کہ موجودہ حکومت لوگوں کے ساتھ کئے گئے تمام وعدوں کو پورا کرے گی۔دریں اثناءعلی محمد ساگر نے آج خانیار سرینگر میں حالیہ آگ سے متاثرین میں 14لاکھ 20ہزار روپے کی امدادی رقم تقسیم کی۔

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے سکھ برادری کو گرو ہرگوبند مہاراج کی 431ویں سالگرہ پر مبارکباد دی ہے ۔ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ مذہبی تہوار بھائی چارے اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے اقدار کو تقویت بخشنے میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔

بی جے پی صدر:

بی جے پی جموں وکشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما نے آج جموں میں پارٹی لیڈروں کی ایک میٹنگ کے دوران 6اور 7جولائی کو بی جے پی قومی صدر نتن نابین کے جموں دورے کے سلسلے میں کی جارہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ قومی صدر کے دورے کو کامیاب بنانے کیلئے تن دہی کے ساتھ کام کریں۔

قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما نے مطالبہ کیا ہے کہ Personalaties and Legends Of جموں اینڈکشمیر نامی کتاب کو تمام سرکاری لائبریریوں اور تعلیمی اداروں سے واپس لینے اور اس پر فوری پابندی لگانے کا مطالبہ کیا ہے۔

PMصارف:

وزیر اعظم نریندر مودی نے صارفین کی شکایات کے بہتر ازالے اور انہیں انصاف فراہم کرنے میں ڈیجیٹل اصلاحات کے ذریعے مرکزی سرکار کی جانب سے کی جارہی کوششوں کو اجاگر کیا ہے۔انہوں نے آج مرکزی وزیر پرہلاد جوشی کا لکھا ہوا ایک مضمون سوشل میڈیا پر شیئر کرتے ہوئے کہا کہ e-jagriti پلیٹ فارم کو بہتر بنایا گیا ہے تاکہ صارفین کو ڈیجیٹل نظام کے ذریعے فوری انصاف فراہم کیا جاسکے۔

کرکٹ:مردوں کے کرکٹ میں بھارت اور انگلینڈ کے درمیان دوسرے ٹی ٹونٹی بین الاقوامی میچ آج Manchester میں کھیلا جائے گا۔بھارتی وقت کے مطابق یہ میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔

امداد باہمی:

آج امداد باہمی کا بین الاقوامی دن ہے۔نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور تعاون کے وزیرامت شاہ نے اس موقعہ پر عوام کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیاہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں سی پی رادھا کرشنن نے کہا ہے کہ امداد باہمی بھارت میں کسانوں، خواتین اور چھوٹے درجے کے کارخانوں کو قوت بخشنے کی محرک رہی ہے۔

وزیر داخلہ امت شاہ نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ امداد باہمی بھارت کی ثقافت، مجموعی قوت اور خود انحصاری کی بنیاد ہے۔

ایل جی:لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے ملک کے ایک عظیم دانشور اور قوم پرست سوامی وویکا نندا جی کو ان کی برسی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ایک پیغام میں ایل جی نے کہا کہ سوامی جی کی تعلیمات آپسی بھائی چارے، اخوت اور انسانیت کی بے لوث خدمت کرنے جیسے اقدار کو تقویت بخشتے ہیں اور آج کل کے دور میں بھی ہم سب کیلئے مشعل راہ ہیں۔

PM:

وزیراعظم نریندر مودی 6جولائی سے انڈونیشیا، آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کا 6روزہ دورہ کریں گے۔

اپنے دورے کے دوران وہ تینوں ممالک کی اعلیٰ قیادت سے باہمی دلچسپی کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے جس کامقصد آپسی رشتوں میں مزید استحکام لانا ہے۔

عرس:

حضرت سیدنا امام زین العابدین ؓ کے عرس کی مناسبت سے آج مساجد ، زیارتگاہوں اور خانقاہوں میں خصوصی تقاریب کا انعقاد کیاگیا جن میں علماءنے امام زین العابدینؓ کے علمی کمالات اور اسلامی خدمات پر روشنی ڈالی۔آثار شریف ڈانگر پورہ نرواره سرینگر میں ہر نماز کے بعد تبرکات کی نشاندہی کرائی گئی۔

موسم:

محکمہ موسمیات کے مطابق وادی میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے جبکہ جموں صوبے میں ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت20ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37اعشاریہ 6ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت25اعشاریہ9 ڈگری سیلشیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 25 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر46منٹ پر ہو گا۔اس کے ساتھ ہی خبرونکا یہ بلیٹن ختم ہوا۔خدا حافظ